حیسکو پریس ریلیز مورخہ: 31.12.2021

# صارفین واجبات فوری ادا کریں ورنہ بجلی کنکشن کاٹ دیئے جائیں گے۔بجلی چوری میں ملوث کسی بھی شخص کو رعایت نہیں دی جائے گی۔پوری حیسکو ریجن میں بلاتفریق کارروائیاں ہنگامی بنیادوں پر کریں۔چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو

حیدرآباد (          ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی سختی سے ہدایات کہ صارفین اور ملازمین حیسکو کے محافظ ہیں ، ہمیں صارفین کو بہتر سے بہتر فراہمی کرنے ہے ، اسی لیئے بجلی کے واجبات کی 100% فیصد وصولی اور چوری کے خاتمے کے حدف کو حاصل کرنا ضروری ہے ، جس کیلیئے پورے حیسکو ریجن میں خصوصی ٹاسک فورسز نے کاروائیاں جاری ہیں ، اس سلسلے میں حیدرآباد، کوٹری، میرپورخاص ، جامشورو، ٹنڈو الہیار، چمبڑ و دیگر علاقوں میں خصوصی ٹیمیں گھر گھر جا کر واجبات کی وصولی چیک کررہی ہیں ،اور بجلی چوروں کے خلاف موقع پر ہی کارروائیاں کی جارہی ہیں جس میں اب تک 6325 بجلی چوروں کے کنکشن منقطع کرکے بجلی چوروں کے خلاف FIR درج کرانے کیلیئے 12 سؤ سے زائد لیٹر بھی جمع کرائے گئے ہیں۔حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا انتظام نہیں چلاسکتا، اس لیئے جو بل ادا کرے گا اس کو بجلی فراہم کی جائے گی ، جبکہ نادہندگان اپنے واجبات کی آسان ادائیگی کیلیئے کسٹمرز سروس سینٹر پر جاکر بجلی کے بلوں کی اقساط بنواسکتے ہیں ،مگر بل کی ادائیگی لازمی ہے۔اس سلسلے میں مجموعی طور پر 78 کروڑ سے زائد کی وصولی کی گئی اور بجلی کے بل جمع نہ کروانے پر نادہندگان کے 3215 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں۔حیسکو چیف کے واضح ہدایات ہیں کہ بجلی چوری میں ملوث کسی بھی شخص کو کسی بھی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی ، چاہے وہ حیسکو ملازم ہی کیوں نہ ہو،اس کے خلاف کارروائی مکمل کرکے اس کو نوکری سے فارغ کردیا جائے گا ،بجلی چوری کی روک تھام سے ہی حیسکو ترقی کرسکتا ہے ۔حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتا ہے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہوسکے ، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی بھی کی جائے گی۔